ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دوجہان
درسِ قرآن وحدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:07
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:07

مرتبین

مولانا عاقب نثار

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ ہفتم مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا عاقب نثار

صفحات : 19

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا عاقب نثار

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ ہفتم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

قرآن پاک پڑھ کر حق کو سمجھو (پارہ 7 المائدہ 38)

اللہ کی آیتوں کو نہ جھٹلاؤ (پارہ 7 المائدہ 86)

اللہ کی حلال کردہ کو حرام نہ کرو اور حد سے نہ بڑھو (پارہ 7 المائدہ 87)

جو کچھ تمہیں اللہ نے حلال پاکیزہ رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور اس اللہ سے ڈرو (پارہ 7 المائدہ 88)

جب قسم کھاؤ تو اپنی قسموں کی حفاظت کرو۔ (پارہ 7 المائدہ 89)

شراب اور جوا اور بت اور قسمت معلوم کرنے سے بچو (پارہ 7 المائدہ 90)

اللہ کی نافرمانی سے شیطان کے جال میں نہ پھنسو (پارہ 7 المائدہ 91)

اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور ہوشیار رہو (پارہ 7 المائدہ 92)

اللہ سے ڈرتے رہو اور نیکیاں کرتے رہو (پارہ 7 المائدہ 93)

حالتِ احرام میں شکار کو قتل نہ کرو(پارہ7المائدہ95)

حالتِ احرام میں خشکی پر شکار کو قتل نہ کرو(پارہ7المائدہ96)

پاکیزہ رہو اور برے نہ بنو اور اللہ سے ڈرتے رہو(پارہ7المائدہ100)

بے جا اور بے ضرورت سوال نہ پوچھو(پارہ7المائدہ101،102)

اللہ پر جھوٹ نہ باندھو(پارہ7المائدہ103)

اللہ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی اطاعت کرو(پارہ7المائدہ104)

گمراہی سے بچو(پارہ7المائدہ105)

جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت قریب آئے اور زندگی کی اُمید نہ رہے، موت کے آثار و علامات ظاہر ہوں تو اپنوں میں سے دو آدمیوں کو وصیت کا گواہ بنالو اور سفر وغیرہ میں ہو اور اپنے آدمی یعنی مسلمان نہ ملیں تو غیر مسلموں کو گواہ بنالو۔(پارہ7المائدہ106)

جھوٹی گواہی نہ دو اللہ سے ڈرو(پارہ7المائدہ107،108)

غیب پر ایمان رکھو(پارہ7المائدہ113)

اللہ کی نعمتوں کے نزول کے مواقع کو یاد رکھو اور شکر کرو(پارہ 7 المائدہ114)

اللہ سے اس کے عذاب سے پناہ مانگو(پارہ7المائدہ118)

سچائی کی راہ اختیار کرو(پارہ7المائدہ119)

اللہ کی قدرت ہر ایک ذرے پر ہے اس پر ایمان رکھو(پارہ 7 المائدہ 120)

دوبارہ زندہ کیے جانے میں میں شک نہ کرو(پارہ7 الانعام2)

اللہ کو اپنے اعمالوں سے بے خبر نہ جانو(پارہ7الانعام3)

اللہ کی آیتوں سے منہ نہ پھرو(پارہ7الانعام4)

حق کو نہ جھٹلاؤ(پارہ7الانعام5)

اللہ کی نازل کردہ کتاب پر ایمان لاؤ(پارہ7 الانعام7)

زمین میں سیر کرو اور اللہ کی نشانیاں دیکھو(پارہ7 الانعام 11)

اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو(پارہ7الانعام14،15)

اللہ پر توکل رکھو(پارہ7 الانعام17،18)

قرآن پاک کو قصہ سمجھ کر انکار نہ کرو(پارہ7الانعام25)

جس سے منع کیا گیا وہ کام نہ کرو(پارہ7الانعام28)

اللہ کے کلام کو جھوٹ نہ جانو(پارہ7 الانعام29)

قیامت اور اس کے بعد کی زندگی پر پورا پورا ایمان رکھو(پارہ7 الانعام 31)

اللہ سے ڈرو اور آخرت کی تیاری کرو(پارہ7 الانعام 32)

رسول ﷺ کے فرمان کو نہ جھٹلاؤ(پارہ7 الانعام 34)

وعظ و نصیحت سنو اور عمل کرو(پارہ7 الانعام 36)

اللہ کی آیتوں کو چھوڑ کر اور کچھ نہ چاہو(پارہ7 الانعام 37)

اللہ کی آیتیں نہ جھٹلاؤ اور اس سے اندھے نہ بنو(پارہ7 الانعام 39)

اللہ کے ساتھ شرک نہ کرو اور ہر حال میں اسے پکارو(پارہ7 الانعام 40،41)

اللہ کی نعمتوں پر خوش ہو جاؤ(پارہ7 الانعام 44)

اللہ کی عطاء کردہ نعمتوں پر اللہ کا شکر ادا کرتے رہو(پارہ7 الانعام 46)

اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو ظالم نہ بنو(پارہ7 الانعام 47)

اپنی اصلاح کرو(پارہ7 الانعام 48)

نافرمانی کر کے عذاب الٰہی کے مستحق نہ بنو(پارہ7 الانعام 49)

غور و فکر کرو(پارہ7 الانعام 50)

اللہ سے ڈرتے رہو اور پرہیز گار بن جاؤ(پارہ7الانعام51)

ہر وقت اپنے رب کی رضا چاہو اور اسی کو پکارو(پارہ7الانعام52)

اللہ سے توبہ کرتے رہو اور اپنی اصلاح کرتے رہو(پارہ7الانعام54)

اللہ کے حکم کو معمولی نہ جانو(پارہ7الانعام57،58)

حساب کی تیاری کرو(پارہ7الانعام61،62)

شرک سے بچو اور آپس میں لڑنے سے بچو(پارہ7الانعام65)

حق کو جھٹلا کر عذاب کو دعوت نہ دو(پارہ7الانعام66)

اللہ کی ہر خبر کا واقع ہونا سچا جانو(پارہ7الانعام67)

کافروں اور بے دینوں کے پاس نہ بیٹھو(پارہ7الانعام68)

اللہ تعالٰی سے اس کے عفو، مغفرت اور اس کی رضا طلب کرو(پارہ7 الانعام70)

نماز قائم رکھو(پارہ7الانعام72)

مشرکین کے ساتھ نہ ملو(پارہ7الانعام74)

اللہ کی نشانیوں کو دیکھو اور حق کو سمجھو(پارہ7الانعام75)

قرآن سے نصیحت کو پکڑو(پارہ7الانعام80)

اللہ سے ہدایت طلب کرو(پارہ7الانعام87)

قرآن کو پورا مانو نہ کہ کچھ چھوڑ دو(پارہ7الانعام91)

آخرت کی فکر کرو، کیونکہ تم جیسے اکیلے دنیا میں آئے ایسے ہی اکیلے ہی واپس آؤ گے(پارہ7الانعام94)

اللہ کے کلام کی پیروی کرو اور مشرک نہ بنو(پارہ7الانعام106)

غیب پر ایمان لاؤ(پارہ7الانعام110)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وضو کے بعد دُرودِ پاک پڑھئے!

لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "اُس کا وضو نہیں جو نبی (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) پر دُرودِ پاک نہ پڑھے۔" (معجم کبیر، 121/6، حدیث: 5698)

شرح حدیث: علامہ عبدُالرؤوف مُناوی رحمۃُاللہ علیہ لکھتے ہیں: اُس شخص کا وضو مکمل فضیلت والا نہیں جو وضو کے بعد نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر دُرودِ پاک نہ پڑھے۔ (التیسیر بشرح جامع الصغیر، 503/2)

صدقے کی برکتیں

إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ مِيتَةَ السُّوْءِ

(ترمذی، 146/2، حدیث: 664)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: "بے شک صدقہ رب کے غضب کو بجھاتا اور بری موت کو دفع کرتا ہے۔

"شرح حدیث: سخی پر اوّلاً تو دنیوی مصیبتیں آتی نہیں اگر امتحاناً آ بھی جائیں تو اللہ کی طرف سے اسے سکون قلبی نصیب ہوتا ہے جس سے وہ صبر کر کے ثواب کما لیتا ہے غرض کہ اس کے لئے مصیبت معصیت (گناہ) لے کر نہیں آتی مغفرت لے کر آتی ہے، معصیت والی مصیبت خدا کا غضب ہے اور مغفرت والی مصیبت اس کی رحمت۔ (مراٰۃ المناجیح، 103/3)

دعا مانگئے

مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَسْتَجِيْبَ اللهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ

فَلْيُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِي الرَّخَاءِ

(ترمذی، 248/5، حدیث: 3393)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: "جو چاہے کہ مصیبتوں کے وقت اللہ پاک اس کی دعا قبول کرے تو وہ آرام کے زمانے میں دعائیں زیادہ مانگا کرے۔

"شرح حدیث: اس کی وجہ ظاہر ہے کہ صرف مصیبت میں دعا مانگنا اور راحت میں رب سے غافل ہو جانا خود غرضی ہے اور ہر وقت دعا مانگنا عبدیت ہے ربّ کو خود غرضی ناپسند ہے عَبۡدِیّت پسند (ہے)۔(مراٰۃ المناجیح، 297/3)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ

9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس

استاذ التحقیق و التصنیف علامہ راشد علی مدنی

ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل